جناب جسٹس ایس اے رحمٰن

تخلیق

آتشِ تخلیق کے گلخن سے گزرا ہے خیال
رہگزر کی خاک سے پھولوں کی باس آنے لگی
نیلگوں دُوری سمٹ کر پاس پاس آنے لگی
پھینکتے ہیں ولولے پھر عرش کے تاروں پہ جال

مَن کے ساگر میں ہیں لہریں خواب کی سی اُٹھ رہی
سخت بے کل ہیں کہ حرف و صوت کا ساحل ملے
شوق کے شایاں حریمِ ناز کی منزل ملے
جو کبھی پہچان لے اور جان لے ہر آن کہی

ایک کربِ پُر طرب ہے، اک نشاطِ درد بیز
ہر بُنِ مُو میں نہفتہ، ہر رگِ جاں میں رَواں

بار سا سینے پہ ہے لگا ہے سبک گاہے گراں
لمحہ لمحہ ہو رہی ہے نبضِ دوراں تیز تیز

دستِ نادیدہ کا لمس اور اَن سُنے نغمے کی لے
اک اشارہ، اک کنایہ، ایک سایہ سامنے
سرکی چلمن، اٹھی نظریں، اڑتا آنچل تھامنے
گھل گئے کھرے میں چہرے بہ گئی خوش بُو کی مے

۱

یہ سفیدی پر سیاہی ایک نقشِ سرد ہے
اس میں پنہاں ہیں مگر نقاش کی بے تابیاں
کچھ سرابِ لفظ میں تخییل کی شادابیاں
یادگارِ کارواں، یہ کارواں کی گرد ہے